مرچ کی کاشت

ZTBL

مرچ عام طور پر دو اقسام کی ہوتی ہے۔ ایک میٹھی مرچ جس کو شملہ مرچ بھی کہا جاتا ہے اور دوسری قسم کڑوی ہوتی ہے۔ پاکستان میں اس کی کاشت چاروں صوبوں میں کی جاتی ہے۔

آب وہوا

مرچ معتدل آب وہوا کو پسند کرتی ہے اس کے پودے سردی کے مہلک اثرات کو برداشت نہیں کر سکتے۔

وقت کاشت

میدانی علاقوں میں جہاں کورا پڑنے کا خطرہ ہے مرچ کی پنیری اکتوبر اور نومبر میں کاشت کی جاتی ہے جبکہ پودوں کو کھیت میں وسط فروری یا پھر مارچ کے شروع میں جب کورے کا خطرہ ٹل جاتا ہے منتقل کیا جاتا ہے۔ پہاڑی علاقوں میں پنیری کی کاشت دسمبر، جنوری اور فروری کے مہینے میں کی جاتی ہے اور پھر کھیت میں منتقلی اپریل، مئی میں کی جاتی ہے۔

شرح بیج

250 گرام سے 300 گرام تک صحت مند بیج ایک ایکڑ کی پنیری تیار کرنے کے لیے کافی ہوتا ہے۔

اقسام

لونگی، کیلا مرچ، تلہار، دوغلی اقسام پی۔۶ اور پی۔۴۱۰ قابل ذکر ہیں۔

زمین اور زمین کی تیاری

مرچ ہر قسم کی زمین پر کاشت کی جاسکتی ہے۔ مرچ کی کامیاب کاشت کے لیے زمین کا نرم اور ہموار ہونا ضروری ہے۔ ایک دفعہ زمین پلٹنے والا ہل چلائیں گوبر کی گلی سڑی کھاد بحساب 8 سے 10 ٹن فی ایکڑ اور ڈی اے پی کھاد ایک بوری ڈال کر تین دفعہ ہل چلائیں اور سہاگہ پھیر کر زمین کو چھوڑ دیں۔

طریقہ کاشت

پہلے سے تیار کھیت میں 60 سے 75 سینٹی میٹر کے فاصلے پر لٹھیاں بنائیں۔ ان لٹھیوں پر دونوں اطراف میں 30 سینٹی میٹر سے 45 سینٹی میٹر کے فاصلے پر پنیری کھیت میں منتقل کریں۔ پنیری اگر شام کے وقت لگائی جائے تو ان کی نشوونما بہتر طور پر ہوگی۔ پنیری منتقل کرنے کے بعد کھیت کو پانی دیں۔ مرچ کے پودے کھڑے پانی میں لگانے سے پودوں کو جڑ کی بیماری لگنے کا خطرہ رہتا ہے اس لیے پانی میں پودے نہ لگائیں۔

کھاد کا استعمال

پودوں کو کھیت میں منتقل کرنے کے تقریباً 45 دن بعد جب پودے اچھی طرح جڑ پکڑ لیں اور پھول آنے شروع ہو جائیں تو اس وقت مٹی چڑھانے کے ساتھ آدھی بوری یوریا کھیت میں ڈالی جائے۔ بعد میں تقریباً ہر چنائی کے بعد یہ عمل دہرایا جائے۔

آبپاشی

پودوں کے اچھی طرح جڑ پکڑنے تک ہفتہ وار پانی دینا چاہیئے بعد میں موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے 6 سے 8 دن یا پھر بہت ہی زیادہ گرم موسم میں 4 سے 5 دن وقفہ کر دیا جائے۔

گوڈی

اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لیے فصل کو جڑی بوٹیوں سے پاک رکھنا ضروری ہے۔ پودوں پر گوڈی کر کے اتنی مٹی چڑھا دینی چاہیئے کہ پانی پودوں تک براہ راست نہ پہنچ سکے بلکہ صرف وتر یا نم پہنچے۔

وقت برداشت

جب پھل کا سائز مناسب ہو جائے تو چنائی کریں۔ پھل توڑ کر اس کو کسی سایہ دار جگہ پر رکھ کر کسی گیلے کپڑے یا گیلی بوری سے ڈھانپ دیں تاکہ اس کی تازگی برقرار رہے۔ سرخ مرچوں کے لیے گہرے سرخ رنگ کی مرچیں توڑ کر سائے میں خشک ہونے کے لیے رکھ دیں۔

قرضہ وفنی مشاورت:

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کسان بھائیوں کو مرچ کی کاشت کے لئے قرضہ فراہم کرتا ہے۔اس سلسلہ میں اپنے حلقہ کے موبائل کریڈٹ آفیسر سے رابطہ قائم کریں۔اس کے ساتھ ساتھ شعبہ زرعی ٹیکنالوجی زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ ہیڈ آفس اسلام آباد کسانوں کو فنی و تکنیکی سہولت بھی فراہم کرتا ہے۔مرچ کی کاشت کیلئے ہمارے زرعی ماہرین سے بذریعہ خط درج ذیل پتہ پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔اس کے علاوہ ترقی پسند کاشتکار جو اپنے تجربات سے دوسرے کسان بھائیوں کو مستفید کرنا چاہتے ہوں۔ہمیں اپنے تجربات سے تحریری طور پر آگاہ کریں تاکہ ان کے تجربات سے دوسرے کسان بھائیوں کو بھی آگاہ کیا جا سکے۔

ایکٹنگ سینئر وائس پریذیڈنٹ شعبہ ایگری کلچرل ٹیکنالوجی

فون نمبر 051-2840848, 2840842, 2840872

جاری کردہ : شعبہ زرعی ٹیکنالوجی

زرعی ٹیکنالوجی اپنایئے

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ ہیڈ آفس، پوسٹ باکس نمبر1400، اسلام آباد

ویب سائٹ: www.atd.ztbl.com.pk